15/04/2025

07.40 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

اب آپ عاشق کھانڈے سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ وقف ترمیمی قانون کے تحت آئین کے دائرے میں قبائیلی طبقے کے مفادات کو تحفظ ہو گا حاصل// وزیر اعظم نریندرمودی۔

*........ وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں رہمو پلوامہ میں رومشی نالے پر پُل کا افتتاح// جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ جلد بحال ہونے کی جتائی اُمید۔

*........سالانہ شری امرنا تھ جی یاترا کےلئے رجسٹریشن کا عمل شروع۔

اور

*........ وادی کو لداخ خطے کے ساتھ جوڑنے والی سرینگر۔ کر گل شاہراہ ٹریفک کی یکطرفہ آمد ورفت کےلئے بحال۔

وقفPM

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ وقف ترمیمی قانون کے تحت ملک کے کسی بھی کونے میں وقف بورڈ قبائیلوں کی زمین انکے گھر یا جائیداد کو ہا تھ بھی نہیں لگا سکتی ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کی طرف سے جا ری ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ قانون میں آئین کے دائرے کے اندر قبائیلی طبقے کے مفادات کو تحفظ دیا گیا ہے۔

---(PM)--Byte----

درخشاں وقف

جمونوکشمیر وقف بورد کی چیر پرسن ڈاکٹرسیددرخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ وقف ترمیمی قانون کی بدولت ملک بھر میں وقف بورڈس میں معقولیت آئے گی۔ میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ جمونو کشمیر میں اس تبدیلی کے نتائج عیاں ہورہے ہیں اور اب پورا ملک ان تبدیلیوں کے فوائد سے مستفید ہو گا۔ انہوننے کہا کہ وقف اراضی اور اثاثوں پر قبضہ کرنے والوں کو اب بے نقاب کیا جائے گا۔

ناصر وقف

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے بھی اس قانون کو مسلمانوں کے خلاف قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا کوئی جواز ہی نہیں بنتا۔ انہوں نے کہا کہ اس نا انصافی کو جلد ہی دور کیا جائےگا۔

تنویر وقف

ترمیمی قانون کے حوالے سے نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے کہا ہے کہ انکی پارٹی نے وقف قانون معاملے کو لیکر سپریم کورٹ کا رجوع کیا ہے۔ آج ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے الزام لگایا کہ یہ بل مسلمان اقلیتی طبقے کے خلاف ہے اور اس قانون کو فوری سے واپس لیا جانا چاہئے۔

التجا وقف

اُدھر پی ڈی پی لیڈر التجا مفتی نے وقف ترمیمی قانون پر اپنے رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے حکمران جماعت نیشنل کانفرنس کی نکتہ چینی کی۔ سرینگر میں ذرائع ابلاغ کے نمائند وں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کے پاس 50رکن اسمبلی ہونے کے با وجود اسمبلی کے حالیہ اجلاس میں وقف قانون کے خلاف ایک بھی قرارداد نہیں لائی گئی۔

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں میں بچوں کے معروف ماہر امراض اور تعلیم دان ڈاکٹر ایجوکیشن نیٹ ورک کا Pediatric سورج گپتے کی طرف سے تیار کئے گئے آن لائن پورٹل افتتاح کیا۔ ایل جی نے اس موقعے پر ڈاکٹر سورج گپتے کو مبارکبادیتے ہوئے کہا کہ اس پورٹل سے طبی ماہرین، طلباءاور اداروں کو کا فی فائدہ ملے گا۔

ملاقات

سابق وزیر اور بی جے پی کے سینئر لیڈر انجینئر عبدالغنی کوہلی نے آج جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج رہمو پلوامہ میں رومشی نالے پر تعمیر کئے گئے پُل کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہاکہ پُل کے مکمل ہونے سے علاقے کے لوگوں کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات دستیاب ہونگی۔ انہوں نے کہا ۔

-----(CM)--Byte-----

ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ جموںوکشمیر کا ریاستی درجہ جلد ہی بحال کیا جائے گا۔ انہوں نے اس ضمن میں حال ہی میں وزیر داخلہ کے ساتھ ان کی بات چیت کا ذکر کیا۔

-----(CM)--Byte----

اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور MLA غلام محی الدین میر بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموںو کشمیر کے طلباءکی سلامتی کےلئے موجودہ ٹریفک قوانین کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ وہ ٹریفک قوانین کی سختی سے عمل آوری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ طلباءکو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

دربار

دریں اثناءسکینہ ایتو سے آج سیول سیکریٹری سرینگر مینمتعدد وفود سے ملاقی ہوئے ۔ انہوں نے لوگوں کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔

حج

بھارت کے2025کے حج کوٹے میں اضافہ کر کے ایک لاکھ75 ہزار کر دیا گیا ہے۔2014 میں یہ تعداد ایک لاکھ36 ہزار تھی۔ ایک سوشل میڈیاپوسٹ میں اقلیتی امور کی وزارت نے بتایا ہے کہ وہ اصل کوٹے کے تحت اس سال ایک لاکھ22ہزار سے زیادہ عازمین حج کےلئے بھارت کی حج

کمیٹی کے ذریعے انتظامات کررہی ہے۔ وزارت نے بتایا ہے کہ سعودی عرب کے رہنما خطوط کے مطابق پروازوں، ٹرانسپورٹ، رہائش اور خدامات سمیت سبھی ضروری Mina Camps تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔

یاترا

52 دنوں تک جا ری رہنے والی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کےلئے رجسٹریشن کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ یاترا کےلئے شر دھالو، بورڈ کی ویب سائٹ jksasb.nic.in کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن کراسکتے ہیں۔ ملک بھر میں540سے زیادہ مجاز بینک شاخوں اور پنچایت بھون، ویشنوی دھام اور مہاجن حال جیسے نامزد مراکز پر بھی رجسٹریشن کرایا جا سکتا ہے۔ یاترا اس سال3جولائی کو شروع ہو گی اور یہ9اگست کو رکشا بندھن کے موقعے پر ختم ہو گی۔

انٹرو

آج آرٹ کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن زندگی کے مختلف شعبوں میں آرٹ کی اہمیت اور اسے فروغ دینے کے اقدامات کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے پیش ہے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

--V/O--(Tariq Rather--

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن AIR اور DTH پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔

روحی جان

کولگام ضلع کے یاری پورہ علاقے سے تعلق رکھنے والی قوت بینائی سے محروم روحی جان نامی نوجوان لڑکی نے تعلیم کے شعبے میں متعدد چلینجوں کا سامنا کرتے ہوئے قابل فخر کام مکمل کیا ہے اور اب وہ Phd انجام دیاہے۔اس لڑکی نے جواہر لعل نہرو یونیورسٹی دلی سے یونیورسٹی آف کشمیر کے ایجوکیشن شعبے میں اسسٹنٹ پروفیسر تعینات ہوئی ہیں۔آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اپنے تاثرات کا یوں اظہا رکیا۔

....(Roohi Jan)....Byte........

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس ضمن میں جب ہم نے ایک معروف ڈرامہ آرٹسٹ خورشید میر کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

---(Khurshid Mir)-V/O---

کر گل شاہراہ

وادی کو لداخ خطے کے ساتھ جوڑنے والی سرینگر ۔ کر گل شاہراہ کو33دنوں تک بند رہنے کے بعد آج ٹریفک کی آمد ورفت کےلئے کھول دیا گیا ہے۔ بیکن 122 RCC کے آفیسر کمانڈنگ گورو تریپاٹھی نے ہمارے گاندر بل کے نمائندے صابر ایوب کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ فی الحال شاہراہ کویکطرفہ ٹریفک کےلئے کھول دیا گیا ہے اور آنے والے دنوں میں اسے دوطرفہ ٹریفک کے قابل بنایا جائےگا۔ انہوں نے کہا۔

-------V/O-----

ریل سروس

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پر سن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے کٹرہ سے سرینگر تک ریل سروس شروع کرنے کو ایک تاریخی لمحہ قرار دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس پہل سے جمونو کشمیر میں ترقیاتی عمل کا ایک نیا دور شروع ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی چند دنوں کے بعد پہلی ہائی سپیڈ ٹرین کو جھنڈی دکھا کر سرینگر کےلئے روانہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہم سب کےلئے باعث افتخار ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سیول انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی ایک مشترکہ میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے متعلقہ محکموں پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی سرحد پر تار بندی کے درمیان اراضی پر کاشتکاری کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس اراضی پر مختلف اقسام کے فصل اُگائے جانے چاہئے اور اس ضمن میں کسانوں کی راحت رسانی کی جانی چاہئے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں اور عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کے دوران کہا کہ انکی پارٹی چناؤ منشور میں کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کےلئے وعدہ بند ہے۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

دریں اثناءایم ایل اے حبہ کدل شمیمہ فردوس نے آج اپنے حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے لوگوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کا جائزہ لیا۔

مبارکباد

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے حضرت سخی زین الدین ولیؒ عشمقام کے سالانہ عرس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے کہا ہے کہ اولیا کرام کی تعلیمات اور سیرت ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔

زعفران میٹ

محکمہ زراعت کی طرف سے آج انڈیا انٹرنیشنل کشمیر سیفران ٹریڈنگ سینٹر دسو پانپور میں Buyer-Seller میٹ کا انعقاد کیا گیا۔ ایم ایل اے پانپور حسنین مسعودی نے اس میٹ کا افتتاح کرنے کے بعد کہا کہ حکومت جمونو کشمیر زرعی سیکٹر کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔ میٹ میں مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے کئی Buyers نے ورچول طریقے پر شرکت کی۔

DG

آکاشوانی اور نیوز سروسز ڈویژن کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پلیوال گور نے آج آکاشوانی کی ورچول طریقے پر نقاب کشائی کی-Pylon حیدر آباد کے احاطے میں ڈائمنڈ جبلی

مطالبہ

گروپ آف کنسرنڈسٹیزنز نے مرکزی حکومت سے اپیل کی ہے کہ جمونو کشمیر کا ریاستی درجہ جلد از جلد بحال کیا جائے۔

## انتقال

ٹُمبرپورہ ڈورو اننت ناگ کے ایک نامور گلوکار غلام محی الدین شاہ آربلی آج طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے ہیں۔ انکے انتقال پر کئی آرٹسٹ انجمنوں اور شخصیات نے انکے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا۔ انکی رسم چہارم 18اپریل جمعہ کو انجام دی جائے گی۔

## بیداری پروگرام

پولیس کی طرف سے ضلع پولیس آفس اننت ناگ میں نئے فوجداری قوانین اور منشیات سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

پولیس نے کولگام ضلعے کے مختلف علاقوں میں سکولی طلباءکے اشتراک سے ٹریفک قوانین سے متعلق بیداری پروگرام منعقد کئے۔

پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے سڈکو لاسی پورہ کراسنگ پر ساحل رشید شیخ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔ اُس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے۔

## یونیورسٹی

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر فیزیکل ایجوکیشن شعبے کی طرف سے آج ذہنی صحت سے متعلق ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر نا تھ نے کہا کہ اس طرح کے ورکشاپوں سے طلباءکی ذہنی و جسمانی نشونما کو دوام بخشنے میں مدد ملتی ہے۔

## موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ5ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر59 اور غروب

آفتاب شام7بجکر3منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.....................................

......................

.............